انشورنس کمپنی میں اکاؤنٹنٹ(Accountant)کی نوکری کرنا کیسا؟

ریفرینس نمبر:IEC-0120　　　　تاریخ:04-12-2023

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ انشورنس کمپنی(Insurance Company) میں اکاؤنٹنٹ(Accountant)کی نوکری(Job)کرنا کیسا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

انشورنس کمپنی میں اکاؤنٹنٹ(Accountant)کی ملازمت(Job)جائز نہیں۔

مسئلے کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ کسی مسلمان کے لئے ایسی نوکری کرنا، جائز نہیں جس میں اسے گناہ کے کاموں پر معاونت(Assist) کرنی پڑے جبکہ مروجہ انشورنس کا نظام(Insurance System) کئی شرعی خرابیوں مثلاً سود، جوا(Gambling)وغیرہ پر مشتمل ہے۔

اکاؤنٹنٹ(Accountant)کی بنیادی ذمہ داریوں(Basic Responsibilities)میں سے یہ ہوتا ہے کہ وہ کمپنی کی ٹرانزیکشنز(Transactions) کا حساب کتاب رکھے، اسے مینج(Manage) کرے لہذا ایسی جاب کرنا کہ جس میں سود، جوئے وغیرہ کا حساب کتاب رکھنا پڑے، جائز نہیں۔

گناہ کے کاموں پر تعاون کرنے سے متعلق قرآن کریم میں ہے:

”وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ“

ترجمہ کنزالایمان: اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو۔

(پارہ:06، سورۃالمائدہ، آیت:02)

سود لکھنے والوں کے متعلق صحیح مسلم شریف میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ”لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آکل الربا، ومؤکلہ، وکاتبہ، وشاھدیہ“، وقال: ”ھم سواء۔“

یعنی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، سود کھلانے والے، **سود کی تحریر لکھنے والے** اور سود کے گواہوں پر لعنت فرمائی ہے اور ارشاد فرمایا کہ یہ سب برابر کے شریک ہیں۔

(صحیح مسلم، جلد3، صفحہ1219، مطبوعہ بیروت)

ایسی نوکری جس میں سود کے لین دین کو لکھنا پڑتا ہے، اس کے **متعلق** فتاوی رضویہ شریف میں ہے: "ملازمت اگر سود کی تحصیل وصول یا اس کا تقاضا کرنا **یا اس کا حساب لکھنا**، یا کسی اور **فعلِ** ناجائز کی ہے تو ناجائز ہے۔

(فتاوی رضویہ، جلد19، صفحہ522، مطبوعہ لاهور)

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

19جمادی الاولی1445ھ/04دسمبر2023ء

نوٹ: مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دار الافتاء اہلسنت اور مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ اور مرکز الاقتصاد الاسلامی کے فیس بک پیج islamicEconomicsCentre سے کی جا سکتی ہے۔
دار الافتاء اہل سنت ویب سائٹ www.daruliftaahlesunnat.net | مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ www.iecdawateislami.com
ایڈریس: فیضان پلاٹ نزد حنفیہ مجاہدین مسجد متصل عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ
Email:appointment@iecdawateislami.com